# 110757 ـ کیا تیس رمضان کا روزہ نہ رکھنا غلط تھا اور اس کی قضاء لازم ہے ؟

**سوال**

کیا پچھلے رمضان المبارك کے تیس رمضان کے روزے کی قضاء یا کفارہ ادا کرنا واجب ہے ؟
میں نے سنا ہے کہ ( 1428ھ ) کا رمضان انتیس یوم کا نہیں بلکہ تیس یوم کا تھا لہذا ہمارا اس سال تیس کو عید منانا صحیح نہیں تھا کیا یہ صحیح ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

آپ کے لیے تیس رمضان المبارك کی قضاء میں روزہ رکھنا لازم نہیں کیونکہ رمضان المبارك انتیس یوم کا تھا، اس لیے کہ چاند شرعی رؤیت سے ثابت ہو چکا ہے، اور تقریبا دس کے قریب افراد نے اس کی گواہی دی ہے، جیسا کہ فضیلۃ الشیخ صالح بن محمد اللیحدان جو مجلس قضاء اعلی کے چئرمین بھی ہیں کا کہنا ہے.

اور جو سعودی عرب سے باہر تھا اور اس نے اس کی رؤیت پر اعتماد کیا ہے تو اس کی عید بھی صحیح ہے اس کو کچھ لازم نہیں آتا.

واللہ اعلم .